اگر آپ اپنا رسالہ پڑھتے ہوں تو آپ کو یاد ہوگا کہ گزشتہ شمارہ میں میری ایک غزل شائع ہوئی تھی۔ اس کے معاوضہ کے سلسلے میں میں نے آپ سے خط و کتابت کی تھی تو پتہ چلا کہ آپ کو ادیبوں اور شعرا کو اُن کی تخلیقات کا معاوضہ ادا کرنے کی عادت نہیں ہے، گو یہ بڑی اچھی عادت ہے لیکن اب میں آپ پر ایک راز فاش کرنا چاہتا ہوں اور وہ یہ کہ مجھے معاوضہ کی چنداں ضرورت نہیں ہے کیونکہ مجھے اپنی غزل کا معاوضہ مل چکا ہے۔ اگر آپ پوچھیں کہ مجھے یہ معاوضہ کس طرح ملا ہے جب کہ آپ نے معاوضہ روانہ ہی نہیں کیا تو اس کے لیے آپ کو ایک داستان سننی پڑے گی۔ ہوا یوں تھا کہ میرا ایک دوست آپ کے رسالے کا بڑا مداح ہے اس کا دعویٰ ہے کہ آپ کے رسالے میں کوئی غیر معیاری غزل شائع نہیں ہوتی۔ مجھے اس سے اختلاف تھا اور میں نے دعویٰ کیا تھا کہ آپ کے رسالے میں غیر معیاری غزل بھی شائع ہو سکتی ہے۔ چنانچہ اس بات پر میرے اور میرے دوست کے درمیان سو روپیوں کی شرط بدی گئی تھی اور اسی شرط کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لیے میں نے اپنی وہ غزل روانہ کی تھی جسے یہاں کے مقامی شعرا نے تسلیم کر لیا تھا کہ یہ ایک غیر معیاری غزل ہے۔ چنانچہ وہ غزل آپ کے رسالے میں نہ صرف شائع ہوئی بلکہ آپ نے ادارہ کی جانب سے اس پر ایک تعریفی نوٹ بھی لکھ دیا۔ اس طرح اب میں شرط جیت چکا ہوں اور مجھے اس غزل کا معاوضہ سو روپوں کی شکل میں مل چکا ہے۔ آپ نے اس غزل کو شائع کر کے مجھ پر بڑا احسان کیا ہے۔ کیونکہ جس مہینے کے شمارے میں یہ غزل شائع ہوئی ہے اس مہینے میں مجھے روپیوں کی شدید ضرورت تھی اور شش و پنج کا عالم ہے۔ اگر ہم چند دنوں سے کسی دوست نے مجھ سے شرط نہیں بدی تو نہ اپنی کوئی تازہ تخلیق آپ کی خدمت میں ضرور روانہ کرتا۔ مجھے امید ہے کہ اس معاملہ میں آپ کا تعاون مستقبل میں بھی برقرار رہے گا تاکہ میرا مستقبل تابناک ہو سکے۔ خدا حافظ۔

نوٹ:۔ میں آپ کی خدمت میں ذریعہ منی آرڈر پچاس روپے روانہ کر رہا ہوں۔ یہ دراصل اُس شرط کی نصف رقم ہے جو میں نے جیتی ہے۔ لہٰذا آئندہ سے اسے ایک خفیہ معاہدہ سمجھے کہ جب بھی میں کوئی غزل روانہ کروں تو یہ "ایک غیر معیاری غزل" ہوگی، جس پر میں نے شرط بدی ہے۔ آپ اسے شائع فرمادیں تو شرط کی آدھی رقم آپ کی اور آدھی میری۔ اس طرح ہم دونوں اپنے حریفوں کو اُلّو بنا کر اپنا اپنا اُلّو سیدھا کر لیں گے۔

ریاض احمد ۔ پٹنہ

مکرمی ایڈیٹر صاحب !

آپ کی خدمت میں "جوتا" روانہ کر رہا ہوں (جوتا افسانے کا عنوان ہے) امید ہے کہ آپ کے معیار کے پاؤں میں فٹ بیٹھے گا۔ اگر آپ کے معیار کے پاؤں سے بڑا ہو تو براہ کرم اس میں روئی ٹھونس لیجیے اور آئندہ اشاعت میں اس سے کام چلائیے۔ اس سے پہلے میں نے ایک "ٹوپی" بھی روانہ کی تھی جو ابھی تک شائع نہیں ہوئی ہے۔ قیاس اغلب ہے کہ یہ آپ کے سر پر نہ آ سکی۔ (سر میں سما نا تو الگ بات ہے) کہیے تو سائز بدل کر ایک اور ٹوپی روانہ کر دوں!

قصہ مختصر اس وقت میرا ایک عدد "جوتا" اور ایک عدد "ٹوپی" آپ کے پاس پڑی ہوگی۔ اگر آپ انھیں شائع نہ کریں تو آئندہ سے "شیروانی" روانہ کروں گا۔ دیکھیں آپ کب تک ان اشیا کی حفاظت کر سکتے ہیں۔ نیاز مند

...

ایڈیٹر صاحب! ...

... مجھے ... کے لئے ... میرا ... ایڈیٹر ... رکھنا پڑا۔ اس میں آپ نے میرا مضمون "غزل حیدر آبادی سے ایک انٹرویو" بھی شائع کیا ہے۔ رسالے کے ساتھ ہی آپ نے ایک خط بھی روانہ کیا ہے جس میں یہ خواہش کی گئی ہے

میں ایک ... فاضل ادیب کی تلاش کر رہا ہوں تاکہ اُن سے انٹرویو لے کر آپ کی خدمت میں روانہ کروں ... تاکہ آپ نے تو میری حیثیت صرف "پوسٹ مین" کی بنا لی ہے۔ آپ کا حکم سر آنکھوں پر اور یہ بھی درست ہے کہ مجھے انٹرویو کے لئے کئی فاضل ادیب مل سکتے ہیں لیکن میں نے انٹرویو لینے سے توبہ کر لی ہے۔ اور زندگی باقی رہی تو آئندہ کبھی کسی سے انٹرویو نہ لوں گا۔ آپ کو نہیں معلوم کہ ان انٹرویوز کے بعد میری حیثیت کتنی گھٹیا اور کمتر ہو گئی ہے۔ شناسا پرسوں ہی ایک بزرگ آئے تھے پہلے تو میرے انٹرویوز کی بڑی تعریف کرتے رہے، پھر کہنے لگے: "اگر آپ کو زحمت نہ ہو تو کیا آپ مسٹر خورشید حسین ایم ایس سی کا انٹرویو لے سکتے ہیں جو آج کل ریسرچ لیبارٹری میں کام کرتے ہیں؟" میں نے پوچھا "یہ صاحب کون ہیں، کیا کرتے ہیں اور آپ مجھے ان سے انٹرویو لینے پر کیوں مجبور کر رہے ہیں؟" اس پر وہ بزرگ شرماتے لجاتے بولے: "بھئی بات دراصل یہ ہے کہ میری بیٹی کا رشتہ ان سے طے پا رہا ہے۔ لیکن اب تک انھوں نے اپنی 'اسم نویسی' روانہ نہیں کی۔ اگر آپ ان سے انٹرویو لے لیں تو مجھے بآسانی پتہ چل جائے گا کہ ان کے والد کون ہیں، چچا کیا کام کرتے ہیں، کتنے بھائی ہیں، کتنی بہنیں ہیں، ان کے مشاغل کیا ہیں؟ وغیرہ وغیرہ ——— تو صاحب دیکھ لیا، ہماری کیا حیثیت ہو گئی ہے لوگوں کی نظر میں۔!

لہٰذا میں آپ سے گذارش کرتا ہوں کہ آپ مجھے انٹرویو لینے پر مجبور نہ کریں ورنہ میں کپڑے پھاڑ کر جنگل کی طرف نکل جاؤں گا اور پھٹے ہوئے کپڑوں کا پارسل آپ کی خدمت میں روانہ کر دوں گا۔ امید کہ آپ میرا مطلب سمجھ گئے ہوں گے۔

شفیقہ پروین ۔ لکھنؤ

ایڈیٹر بھیا !

ارے یہ کیا خوبصورت نمبر نکالا ہے آپ نے کہ دیکھتے ہی دل باغ باغ ہو گیا۔ اور اس باغ میں جوہی کے پھول کھلنے لگے جو اب تک تر و تازہ ہیں۔ جن کی بھینی بھینی خوشبو سے میرا دماغ ابھی تک معطر ہے۔ لیکن ایڈیٹر بھیا! آپ سے یہ شکایت ہے کہ آپ نے میرا افسانہ اس سالنامے میں بھی شائع نہیں کیا۔ حالاں کہ میں نے اسے پانچ سال پہلے کے "سالنامے" کے لیے روانہ کیا تھا۔ نہ تو آپ کا کوئی "گرامی نامہ" ملتا ہے اور نہ ہی وہ سالنامہ جس میں میری کہانی مجھے نظر آ جائے۔ آپ بڑے کٹھور ہیں بلکہ بڑے وہ ہیں۔ آپ کو یہ اندازہ ہی نہیں ہے کہ میں نے وہ افسانہ کتنی محنت سے لکھا تھا۔ ہائے پانچ سال پہلے کا وہ دن اب بھی یاد آتا ہے تو آنکھوں میں آنسو امڈ آتے ہیں۔ جب میں افسانہ لکھنے میں مصروف تھی، اُس دن میں نے کھانا تک نہیں کھایا تھا۔ گھر میں جھاڑو تک لگانا بھول گئی تھی۔ چنانچہ میرے شوہر اُس دن خالی پیٹ ہی دفتر چلے گئے۔ بچے بھوک سے بلکتے رہے، روتے رہے اور چیختے چلاتے رہے۔ لیکن میں افسانہ لکھنے میں مصروف تھی کیا بتاؤں کہ کیسی ویمار کیمل اسپرٹ میں وہ افسانہ لکھا تھا جسے لکھنے کے بعد میں نے اپنے گھر کے سارے نظام کو درہم برہم پایا تھا۔ لیکن آپ کو اس کا ذرا برابر بھی احساس نہیں، سچ ہے کہ مرد بڑے ظالم ہوتے ہیں۔ آپ کو اگر میرا افسانہ پسند نہیں آیا تھا تو تب بھی آپ کو کم از کم میرے شوہر پر رحم کرنا چاہیے تھا کہ میں نے انھیں اس افسانے کی خاطر خالی پیٹ ہی دفتر روانہ کر دیا تھا۔ ہائے اس دن جب وہ شام میں گھر واپس ہوئے تھے تو اُن کے چہرے پر کیسی ہوائیاں اُڑ رہی تھیں (ایسی ہوائیاں میں نے آج تک اُن کے چہرے پر نہیں دیکھیں) سوچتی ہوں تو دل مسوس کر رہ جاتی ہوں۔ اگر آپ کسی نہ کسی وجہ سے میرے شوہر سے رقابت محسوس کرتے ہیں تو آپ کو کم از کم ان معصوم بچوں کا خیال کرنا چاہیے تھا جنھیں روتا اور بلکتا چھوڑ کر میں افسانہ لکھنے میں مصروف تھی میں نے یہ ساری باتیں اس لیے لکھی ہیں کہ آپ کے اندر "انسانیت" کا جذبہ بیدار ہو اور اتنا بیدار ہو کہ آپ ایک دن میرا افسانہ شائع کر بیٹھیں۔ ... ناراض نہ ہونا فقط

آپ کی ...

●●●

... اٹلی آرمیٹی ...

... آگیا ... میں امام جعفر صادق آ گئے ... کیا ...

پیدا کی گئی ہے؟

امام صادق نے جواب ... کے لیے ...

بچے کیوں ہکلاتے ہیں؟

نورین انجم کھوکھر

اکثر بچے ... ان میں ... ہو جاتی ہے ...

... کے ساتھ ساتھ ... ضروری ہے کہ ... بچہ ... سے گفتگو کرے تاکہ اس کی زبان میں روانی پیدا ہو۔

آپ کو یہ سن کر تعجب ہوگا کہ زیادہ ذہین اور حساس بچے ہی ہکلاتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ ایسے بچوں کے ذہن میں مختلف خیالات کی یورش ہوتی ہے اور وہ ان خیالات کو جلد از جلد بیان کرنا چاہتے ہیں۔ تو ان کی سمجھ میں نہیں آتا کہ وہ کون سی بات پہلے کہیں اور کون سی بعد میں۔ اس طرح ان کے ذہن میں خیالات گڈمڈ ہو جاتے ہیں اور زبان سے الفاظ صحیح طور پر ادا نہیں ہو پاتے۔

بعض اوقات ہکلاہٹ کا سبب موروثی بھی ہوتا ہے جس گھر میں ایک بچہ ہکلاتا ہو دوسرے بچے بھی اس کی دیکھا دیکھی ہکلانے لگتے ہیں۔

بعض بچے دائیں ہاتھ کے بجائے بائیں ہاتھ سے کام کرتے ہیں مگر جب ایسے بچوں کو دائیں ہاتھ سے کام کرنے پر مجبور کیا جاتا ہے تو اس کا اثر ان کی زبان پر پڑتا ہے۔ کیونکہ بچہ جس ہاتھ سے کام کرتا ہے اس ہاتھ کا ذہن کے اس حصے سے گہرا تعلق ہوتا ہے جو گفتگو کو کنٹرول کرتا ہے۔ اس صورت میں اگر اسے دوسرے ہاتھ سے کام کرنے پر مجبور کیا جائے تو اس کے ننھے منے ذہن میں انتشار پیدا ہو جاتا ہے اور اس کی گفتگو بھی اس انتشار کا شکار ہو جاتی ہے۔ بچہ جو مختلف چیزیں سیکھ رہا ہوتا ہے اور جیسے جیسے خیالات اس کے ذہن میں آتے ہیں وہ انہیں فوری طور پر اگلنا چاہتا ہے۔ اس طرح جلدی میں کچھ الفاظ اس کی زبان سے ادا ہوتے ہیں اور بعض پر وہ بری طرح اٹک جاتا ہے۔

بعض اوقات اسے اپنا مافی الضمیر ادا کرنے کے لئے مناسب الفاظ نہیں ملتے اور اس طرح وہ لکنت کا شکار ہو جاتا ہے۔ بعض اوقات ماں اپنی گھریلو مصروفیات کی وجہ سے بچہ کی بے معنی اور معصوم گفتگو پر توجہ نہیں دے پاتی۔ اس سے بچہ میں مایوسی پیدا ہوتی ہے اور وہ ماں کو متوجہ کرنے کے لئے ہکلا کر بات کرنے لگتا ہے۔ یہ درست ہے کہ ماں کو واقعی اتنی فرصت نہیں ہوتی کہ وہ گھر کے تمام کام چھوڑ چھاڑ کر ساری توجہ بچہ پر صرف کر سکے۔ مگر ماں کو اپنی مصروفیات میں سے تھوڑا سا وقت نکال کر بچے پر اتنی توجہ ضرور دینی چاہیے جس سے بچہ کی تسلی ہو جائے اور اسے ماں کے پیار کی محرومی کا احساس نہ ہو۔

ماں کا یہ فرض بھی ہے کہ وہ یہ دیکھے کہ بچہ کسی قسم کی محرومی کے احساس کا شکار تو نہیں اور اسے اپنے ہمجولیوں کے ساتھ کھیلنے کودنے اور ہنسنے بولنے کے پورے مواقع حاصل ہیں یا نہیں۔ بچہ کو اس کے جذبات کے اظہار کے لئے مختلف مواقع فراہم کرنا بھی ماں کی ذمہ داری ہے۔ ...

غزل

[illegible]

غزلِ حُسن کی سرحد کو بڑھایا کیجیے
[illegible] کیجیے

[illegible]
[illegible] کیجیے

[illegible]
[illegible] کیجیے

عرصۂ زیست کی کیا شرح بیاں ہونے پائے
لمحہ لمحہ کو اگر محشر برپا کیجیے

پھر یہ حیرت ہے کہ کیا کیجیے سیراب دل کو
دلِ سیراب کو گر دجلہ بہ صحرا کیجیے

چاہیئے خاطرِ احباب کا کچھ پاس عزیز
اب غزل کوئی باندازۂ صہبا کیجیے

[illegible]

ماہر

[illegible]

پر جد بھی میں کیسے جگہ لوں
اُتّر متھیا، دکھن متھیا
پچّھم نے اُس تھاں نوں ونڈ کے
پورب پچھم۔ اُتّر دکھن کر دِتّا ہے
اس اُلجھن وچ
اج کور یا ۔ ویت نام تے جرمن بھی میرے ساتھی نے

پچھم کدا آپے سر جی
پردھان دِ شادی کرسی تو لا بیٹھے ہو دے گا ؟

غزل

محمد حفظ اکبر قریشی

خزاں کی دلکشی، حُسنِ بہار کیا جانے
فریبِ حُسن کو، حُسنِ نگار کیا جانے

سمو لیا ہے غمِ دو جہاں کو سینے میں
یہ انبساط، دلِ باقرار کیا جانے

قفس نصیب سمجھتے ہو کیوں ہمیں لوگو!
ہم کب اُٹھیں گے کوئی شہسوار کیا جانے

حریمِ حُسن میں ہو جو شکارِ ناز و ادا
یہی ہے جبر، یہی اختیار کیا جانے

زرِ نگاہ تو ہے صدقۂ شباب، مگر
شعاعِ چشم کرے دل فگار کیا جانے

[illegible]
[illegible] کیا جانے

[illegible]
یہ بات گر [illegible] کیا جانے

ہمارے چند مقامی شاعر

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

لمبے افسانے یادوں کے

عقیل شاہین

اے دورِ فلک یہ خبر دینا اک بھائی کو میرا رفعت تھا
جو صاحبِ عظمت و ہمت تھا جو مالکِ مہر و مروت تھا
اک روز صبا کے ہاتھ جو کچھ آواز اس شوخ کی پہنچی تھی
سب اگلی پچھلی اپنی اور کچھ دیس کی گزری کہنی تھی
لمبے افسانے یادوں کے باتیں گل رنگ بہاروں کی
جو دور بھی ہیں اور پاس بھی ہیں رنگین کہانی پیاروں کی
لکھیں تو کتابیں لکھ جائیں لمحوں میں وہ باتیں ختم ہوئیں
ساعت جو گزر جائے اک اک الفاظ کی گھاتیں ختم ہوئیں
معلوم نہیں وہ ذوقِ ادب کی کن راہوں سے گزرتا ہے
کچھ کھو یا کھو یا تھا پہلے کیا اب بھی کھویا رہتا ہے
دیوتاؤں کے دیس کی اک لڑکی کو اس نے گھر میں بسایا ہے
کچھ اور حسین اک غنچے نے پھر اس کے گھر کو سجایا ہے
کب ملنے کی صورت نکلے کب اس کا آنا جانا ہو
وہ کافر کیسے دوست بنے جو اپنا عدو بھی پُرانا ہو
اس نیلی آنکھوں والی کو اس نے کیا کیا سمجھایا ہے
کیا اہلِ وفا کی ریتیں ہیں اس شوخ کو کیا بتلایا ہے
کیوں اپنے غموں کو ساتھ لیے ہم نگری نگری پھرتے ہیں
ہر نگری میں، ہر بستی میں کیا رنگ وفا کا بھرتے ہیں
تفصیل سے کچھ احوال لکھو ان خاکوں میں کچھ رنگ بھرے
کچھ بتلائے دل کی باتیں انسانوں کی سی بات کرے

خط لکھو یا خود آن ملو مل بیٹھیں [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

[illegible]

نیرنگِ خیال

سوانح عمری

شاذ تمکنت

لدے آئی ہوا [illegible] کیسا — حیلیوں سے ذرا دامن بچا کر
تمہاری چاپ سے چونکی خوشی — اُداسی تک رہی ہے سر اُٹھا کر
[illegible] زندگی ہے — جگاتی ہو کیسے شانہ ہلا کر
چراغوں کا دھواں بل کھا رہا ہے — ابھی [illegible] بجھے ہیں جھلملا کر
[illegible] — [illegible] زرد پتے [illegible]
خزاں کی داستاں دُہرا رہے ہیں — بہارِ رفتہ کی سوگند کھا کر
مجھے اِک شخص کی یاد آ رہی ہے — حیاتِ سادہ کے خاکے بنا کر

وہ پہروں سوچتا تھا جانے کیا کچھ
کھِل اُٹھتا تھا تصوّر کو سجا کر

وہ اِک چھوٹا سا گھر نہتّا بغیچہ — جہاں ہنستی چنبیلیاں کھِل کھِلا کر
جہاں ہوں تتلیاں بھونرے شگوفے — شفق اُترے جہاں زیور بڑھا کر
جہاں ڈھلوانیں گھیرے ڈالتی ہوں — جہاں جاتے ہوں رستے پیچ کھا کر
نشیبوں سے پرے جھیلوں کا بلّور — شعاعیں دے رہا ہو چم چما کر
سرِ دیوار آبی رنگ پارے — چمک اُٹھیں نظر کی داد پا کر
وہ ہلکی نیلی دیواروں کے کمرے — سجایا جن کو خوشبو میں بسا کر
جڑے ہوں خواب کے آئینے ہر سُو — جہاں تعبیر خوش ہو عکس پا کر
کتابیں میز پر بکھری پڑی ہوں — رکھے کوئی قرینے سے لگا کر
جہاں ہنستا ہو ننھا پالنے میں — دھنک کے آڑے ترچھے رنگ اُڑا کر
شریکِ زندگی معصوم و سادہ — جھروکے میں کھڑی پلو لگا کر
کسی کی راہ گویا تک رہی ہے — تردّد کو محبت میں چھپا کر
دبے پاؤں دُر آیا کوئی گھر میں — سراپا عجز کی صورت بنا کر
سبب تاخیر کا سمجھا رہا ہے — کوئی اَن جان ہے سب سُن سُنا کر
کسی کا رُوٹھ جانا سر بے پاتک — منا لینا کسی کا مسکرا کر
انگیٹھی کے کنارے نرم باتیں — غزل کے شعر کی تمہید اُٹھا کر
شرارت سی کسی کو سُوجھتی ہے — سرکتا ہو کوئی پلو چھڑا کر

مصوّر اِس خیال و خواب کا اب
یہاں سویا ہوا ہے سب لُٹا کر

[illegible] قول و قسم کا — ذرا تحریر دیکھو پاس آ کر
کسی کو [illegible] — کسی کو کھو چکا ہے کوئی پا کر
[illegible] کوئی تعبیر — حریری خواب کو کفنی پہنا کر
ہر اِک لفظ آخرِ شب چیختا ہے — رُخِ مفہوم سے پردہ ہٹا کر

برس پڑتے ہیں پہ پھول آسماں سے
گزرتی ہے صبا آنسو بہا کر

لبیک لبیک اوگ

[illegible]

حج کا بیان

حج اسلام کا پانچواں اہم رکن ہے۔ حج کا ایک ایمان افروز [illegible] منظر ہے جس کو نگاہ میں رکھ کر بغیر حج کی [illegible] حکمت اور اصل مقصد کو [illegible] [illegible]

[illegible] ہم [illegible]

[illegible] حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کیا تھا۔ [illegible] کبھی صفا اور مروہ کی پہاڑیوں پر دوڑتے نظر آتے ہیں کبھی عرفات میں کھڑے اپنے خدا سے مناجات کرتے ہیں کبھی قربان گاہ میں جانوروں کے گلے پر چھری پھیر کر اپنے خدا سے عہد محبت استوار کرتے ہیں، اور اٹھتے بیٹھتے صبح و شام ایک ہی صدا سے حرم کی پوری فضا گونجتی ہے:

"اے اللہ! تیرے دربار میں تیرے غلام حاضر ہیں، تعریف و حمد تیرا ہی حق ہے، احسان کرنا تیرا ہی کام ہے، تیرے اقتدار میں کوئی دوسرا شریک نہیں۔"

دراصل انہی کیفیات کو پیدا کرنے اور پورے طور پر خود کو اللہ کے حوالے کرنے ہی کا نام حج ہے۔

حج کے معنی

حج کے لغوی معنی ہیں "زیارت کا ارادہ کرنا" اور شریعت کی اصطلاح میں حج سے مراد وہ جامع عبادت ہے جس میں مسلمان بیت اللہ پہنچ کر کچھ مخصوص اعمال اور عبادات کرتا ہے چونکہ حج میں مسلمان بیت اللہ کی زیارت کا ارادہ کرتا ہے اس لیے اس کو حج کہتے ہیں۔

حج ایک جامع عبادت

اسلامی عبادات دو طرح کی ہیں: ایک بدنی عبادات جیسے نماز روزہ، اور ایک مالی عبادات جیسے صدقہ زکوٰۃ وغیرہ۔ حج کا امتیاز یہ ہے کہ وہ مالی عبادت بھی ہے اور بدنی عبادت بھی۔ دوسری مستقل عبادات سے خلوص و تقویٰ، [illegible] بندگی اور طاعت، قربانی اور ایثار، [illegible] کے جو جذبات الگ الگ نشوونما پاتے ہیں، حج کی جامعیت یہ ہے کہ اس میں ایک وقت یہ سارے جذبات اور کیفیات پیدا ہوتی اور پروان چڑھتی ہیں۔

نماز جو دین کا سرچشمہ ہے اس کی اقامت کے لیے روئے زمین پر سب سے پہلی مسجد تعمیر ہوئی۔ حج میں مومن اسی مسجد کے گرد والہانہ طواف کرتا ہے اور [illegible] حج میں مومن کو یہ سعادت نصیب ہوتی ہے کہ وہ عین اس مسجد میں کھڑے ہو کر نماز ادا کرتا ہے۔

روزہ [illegible] نفس و اخلاق کے تزکیہ کا مؤثر اور لازمی ذریعہ ہے اور حج میں مومن مرغوبات نفس سے دور رہ کر صبر و ثبات کی قوتوں کو پروان چڑھاتا ہے اور خدا کی راہ کا سپاہی اور مجاہد بننے کی مشق بہم پہنچاتا ہے۔ حج میں احرام باندھنے کے وقت سے لے کر احرام کھولنے کے وقت تک اسی مجاہدے میں شب و روز بسر کرتا ہے، اور قلب و روح سے ایک ایک نقش مٹا کر صرف خدا کی محبت کا نقش بٹھاتا ہے، اور شب و روز توحید کی صدا لگا کر صرف توحید کا علمبردار بنتا ہے۔

صدقہ و زکوٰۃ میں اپنا دل پسند مال دے کر بندۂ مومن اپنے دل سے زر پرستی کے رکیک جذبات دھوتا اور خدا کی محبت کے بیج بوتا ہے۔ حج میں بھی آدمی عمر بھر کا جمع کیا ہوا مال محض خدا کی محبت میں دل کھول کر خرچ کرتا اور اس کی راہ میں قربانی کر کے اس سے عہد وفا استوار کرتا ہے۔ غرض یہ کہ حج کے ذریعے خدا سے والہانہ تعلق، نفس و اخلاق کا تزکیہ اور روحانی ارتقا کے سارے مقاصد بیک وقت حاصل ہوتے ہیں بشرطیکہ وہ واقعی حج ہو جس کے ارکان ادا کرنے کا محض رسمی [illegible]

حج کی حقیقت

حج کی حقیقت دراصل یہ ہے کہ آدمی اپنے آپ کو کامل طور پر اپنے رب کے حوالے کر دے اور مسلم حنیف بن جائے۔ حج کی سعادت درحقیقت خدا کی طرف سے اس بات کی توفیق ہے کہ اصلاح حال کی تمام مستند کوششوں کے باوجود [illegible]

[illegible]

قربانی کے احکام و مسائل

قربانی کرنے والے کے لیے ہدایات

جو شخص بھی قربانی کا [illegible]

[illegible]

[illegible] یہی تمہاری پوری قربانی ہو جائے گی۔

قربانی کے جانور اور ان کے احکام

① قربانی کے جانور یہ ہیں:
اونٹ، اونٹنی، دنبہ، مینڈھا، بکرا، بکری، بھیڑ، گائے، بیل، بھینس، بھینسا۔ ان جانوروں کے علاوہ اور کسی جانور کی قربانی جائز نہیں۔

② دنبہ، بکرا، بکری، بھیڑ کی قربانی صرف ایک آدمی کی طرف سے ہو سکتی ہے ایک سے زائد کئی آدمی اس میں حصہ دار نہیں ہو سکتے۔

③ گائے، بھینس اور اونٹ میں سات حصے ہو سکتے ہیں یعنی سات سے زائد نہیں۔ مگر اس کے لیے دو شرطیں ہیں: پہلی یہ کہ حصہ داروں کی نیت قربانی یا عقیقہ کی ہو، محض گوشت حاصل کرنے کی نیت نہ ہو۔

دوسری شرط یہ ہے کہ ہر حصے دار کا حصہ ٹھیک ہو [illegible] سے کم نہ ہو۔

ان دو شرطوں میں سے کوئی بھی شرط پوری نہ ہوئی تو کسی کی قربانی صحیح نہ ہوگی۔

④ گائے، بھینس اور اونٹ میں سات افراد سے کم بھی شریک ہو سکتے ہیں مثلاً کوئی دو، چار، یا کم و بیش حصے لے، مگر اس میں بھی یہ شرط ضروری ہے کہ کوئی حصے دار ساتویں حصے سے کم کا شریک نہ ہو ورنہ کسی کی قربانی صحیح نہ ہوگی۔

⑤ ایک شخص نے گائے خریدی اور ارادہ یہ ہے کہ دوسروں کو شریک کر کے قربانی کریں گے تو یہ درست ہے، اور اگر خریدتے وقت پوری گائے اپنے لیے خریدی پھر بعد میں دوسروں کو شریک کرنے کا ارادہ کر لیا تو یہ بھی جائز ہے، البتہ بہتر یہی ہے کہ ایسی صورت میں اپنے پیسے دوسرے کے حصے [illegible] جائز اپنی طرف سے ہی کرے لیکن دوسروں کو شریک کرنا ہی چاہے تو ان آدمی کو شریک کرے جن پر قربانی واجب ہو، اگر کسی ایسے شخص کو شریک کر لیا جس پر قربانی واجب نہیں ہے تو درست نہیں۔

⑥ گائے بھینس کی قربانی میں ایک یا ایک سے زائد افراد کے حصے از خود بلا تجویز کے قربانی کر دی اور ان افراد کی اجازت نہیں لی تو قربانی صحیح نہیں ہے۔ جن لوگوں کے بھی حصے رکھے جائیں ان کے کہنے سے رکھے جائیں [illegible] بلا تجویز کے قربانی تو پہلے کر لی جائے اور حصے داروں کی مرضی اور اجازت بعد میں حاصل کی جائے۔

⑦ بکرا، بکری اور دنبہ بھیڑ جب پورے سال بھر کے ہو جائیں تو ان کی قربانی درست ہے، سال بھر سے کم کے ہوں تو قربانی درست نہیں۔ اور گائے بھینس پورے دو سال کے ہو جائیں تو ان کی قربانی درست ہے، دو سال سے کم کے ہوں تو قربانی درست نہیں۔ اور اونٹ پورے پانچ سال کا ہو تب قربانی درست ہے، پانچ سال سے کم کا ہو تو اس کی قربانی درست نہیں۔

⑧ جس جانور کے سینگ پیدائشی طور پر نکلے ہی نہ ہوں یا نکلے ہوں مگر کچھ حصہ ٹوٹ گیا ہو تو اس کی قربانی جائز ہے، البتہ جس جانور کے سینگ بالکل جڑ ہی سے ٹوٹ گئے ہوں اس کی قربانی جائز نہیں۔

⑨ اندھے، کانے جانور کی قربانی درست نہیں اور اس لنگڑے جانور کی قربانی بھی درست نہیں جو صرف تین پیروں سے چلتا ہو، چوتھا پیر زمین پر رکھا ہی نہ جاتا ہو [illegible] سہارے چلتا ہو ہاں اگر چوتھا پیر بھی کام کرتا ہو اور چلنے میں صرف لنگ ہو تو پھر قربانی درست ہے۔

⑩ جس جانور کا کان ایک تہائی سے زیادہ کٹ گیا ہو [illegible]

[illegible]

⑪ [illegible]

[illegible]

⑫ [illegible]

⑬ [illegible]

⑭ [illegible]

[illegible]

قربانی کا گوشت

① [illegible]

[illegible]

② [illegible] قربانی کا گوشت [illegible]

③ [illegible]

④ [illegible] سے واجب ہے نہ اولاد کی طرف سے۔

⑤ کسی شخص پر قربانی شرعاً واجب نہیں تھی لیکن اس نے قربانی کی نیت سے کوئی جانور خرید لیا تو اب اس جانور کی قربانی واجب ہوگی۔

⑥ ایک شخص پر قربانی واجب تھی لیکن قربانی کے تینوں دن گزر گئے اور وہ کسی وجہ سے قربانی نہیں کر سکا، اگر اس نے بکری وغیرہ خرید لی تھی تب تو اسی بکری کو زندہ خیرات کر دے اور نہ خریدی ہو تو ایک بکری کی قیمت بھر رقم خیرات کر دے۔

[illegible] قربانی واجب ہونے کے لیے دو شرطیں ہیں: ایک یہ کہ وہ خوشحال ہو [illegible] کے پاس اتنا مال و اسباب ہو جو اس کی ضروریات سے زائد ہو [illegible] نصاب ہو جائے [illegible] واجب ہے اس پر قربانی بھی واجب ہے۔

دوسری شرط یہ ہے کہ وہ مقیم ہو، مسافر پر قربانی واجب نہیں۔

[illegible]

قربانی کے ایام اور وقت

① [illegible]

② [illegible]

③ [illegible]

④ [illegible]

⑤ قربانی واجب ہونے کی دو شرطیں ہیں [illegible] پہلے اپنے وطن پہنچ گیا [illegible] قربانی واجب ہوگی [illegible] قربانی واجب ہوگی۔

حوالے کی کتابیں

[illegible] مسلم، جمع الفوائد [illegible] جمع الفوائد، نسائی، ابو داؤد

[illegible] نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے [illegible] گائے سات افراد کی طرف سے اور اونٹ سات افراد کی طرف سے (مسلم)

[illegible] ابو داؤد باب [illegible] جمع الفوائد [illegible]

رسم ابراہیم

مامون ایمن
(نیویارک)

اِک عبد کہ معبود کی آواز پہ لپکا
بیٹے سے کہا باپ نے مقصود ہے تعمیل
بیٹے نے کہا باپ سے تیار ہوں بابا
خوں دیکھ کے بیٹے کا کہیں باپ نہ تڑپے
تب باپ نے خود آنکھوں پہ اک پٹی لپیٹی
پھر بیٹے کے حلقوم پہ بے ساختہ خنجر
قدرت کو بہت بھایا وہ قربانی کا جذبہ

انساں نے خالق کی محبت کو نبھایا
اِک حکم خداوند کی جانب سے ہے آیا
قربان تجھے کیجے کہ ہوں پیار کی مایا
یہ نکتہ پیمبر نے پیمبر کو سمجھایا
اور لعل کو میدان میں پتھر پہ لٹایا
اس باپ نے خود اپنے ہی ہاتھوں سے چلایا
بیٹے کی جگہ باپ نے اک دُنبے کو پایا

جس رسم کی بنیاد براہیمؑ نے رکھی
وہ رسم کہ توحید کی مشعل ہے جہاں میں
اس رسم سے زندہ ہیں وفاؤں کے وسیلے
وہ رسم کہ ہے آج بھی اسلام کی دولت
[illegible]
[illegible]
[illegible]

وہ رسم زمانے میں تمنا کا سخن ہے
وہ رسم کہ ایمان کے گلشن کی پھبن ہے
اس رسم سے پائندہ محبت کی لگن ہے
اس رسم کی تعلیم اطاعت کا چلن ہے
[illegible]
[illegible]
[illegible]

●●●●●

[illegible]

الٰہ آباد میں مسلم کش فسادات پھر شروع ہو گئے، ایک نوجوان ہلاک متعدد شدید مجروح

بھارتی مسلمانوں کے قتل عام کو روکنے کے لیے موثر انتظامات کیے جائیں

لادین بھارت میں مسلم کش فسادات سے دنیا بھر کے مسلمانوں میں تشویش پیدا ہو گئی ہے

حالیہ فسادات سے بھارت میں مسلمانوں کا شدید جانی و مالی نقصان ہوا ہے

اسرائیل کا جاسوس طیارہ مصر میں گر گیا

مسلم کش فساد کرناٹک میں بھی شروع ہو گیا، بیجاپور میں ایک مسلمان شہید

میسور میں طلبا پر لاٹھی چارج، میرٹھ میں حالات بہتر ہو گئے: بی بی سی

اپنے پڑھنے والوں سے خواہش کی جاتی ہے کہ وہ ہمیں اپنے ان دوست احباب کے نام اور پتے لکھ بھیجیں جنہیں ہمارا اخبار نہ ملتا ہو۔ — شکریہ! (ادارہ)

... میں ۲۴ گھنٹے کے لیے کرفیو لگا دیا گیا: سکول بند کر دیے گئے

... میں طلبا کے ہنگامے، پولیس نے اشک آور گیس پھینکی

قدرت اللہ شہاب انڈیا آفس لائبریری کے پاکستانی حصے کی نظامت انجام دیں گے

پاکستان نے بنگلہ دیش کے قیام سے سبق نہیں سیکھا

وزیراعظم بھٹو کی طرف سے ہڑتال کی اپیل پر شیخ عبداللہ کی برہمی



ڈاکٹر مالک اور اُن کی کابینہ کے پانچ ارکان رہا ہو گئے

دس دیگر سابق وزیروں کو بھی رہا کرنے کا اعلان

سابق وائس چانسلر ڈاکٹر سجاد حسین کو بھی رہا کر دیا گیا ہے۔



میرا استعفا منظور کر لیا گیا ہے
اکبر بگٹی

نیپ کے اسیر رہنما رہا کر دیئے جائیں!

نو ملک فیروز خان نون وفات کے بعد بلوچستان کا دورہ کر رہے تھے

بنگالی اور مکتی باہنی کے ارکان ہمیں رخصت کرتے وقت گلے لگا کر رو دیئے

وہ اپنے کیے پر بے حد پچھتا رہے ہیں چاٹگام سے آنے والے پاکستانیوں کا بیان

ویتنام میں روسی جہازوں اور آبدوزوں کا بہت بڑا اڈہ موجود ہے: بی بی سی

بحر ہند میں روس کے ۱۲ جہاز اور کئی جاسوس ٹرالر متعین ہیں

شرق وسطیٰ میں قیام امن سے قبل بحر ہند میں بڑی طاقتوں کی بحریہ کا اجتماع ختم نہیں ہو سکے گا

کراچی کے حالیہ ہنگاموں میں گرفتار ہونے والے چار سو افراد رہا کر دیئے گئے



وزیر اعلیٰ ممتاز بھٹو نے کابینہ کے سینئر وزیر کو اپنے عہدہ کا چارج دے دیا

میں بہت تھک گیا ہوں، اب لاڑکانہ جا کر زمینوں کی دیکھ بھال کروں گا: ممتاز بھٹو

پیپلز پارٹی کی حکومت نے خارجہ امور کے بارے میں متضاد پالیسیاں اختیار کر رکھی ہیں: خواجہ صفدر

خارجہ پالیسی کی اساس قرآن و سنت پر رکھنی چاہیے: شاہ احمد نورانی

حکومت نے مختصر مدت میں شاندار کامیابیاں حاصل کی ہیں: خان قیوم



سعودی عرب کے چیف آف سٹاف جنرل شہری پاکستان کے چیف آف سٹاف جنرل ٹکا خان کو سعودی پرچم پیش کر رہے ہیں۔

ٹورانٹو میں نماز عید الضحیٰ

جامع مسجد میں نماز عید جمعہ ۴ جنوری کو صبح آٹھ، نو اور دس بجے ہوگی۔
اتوار ۶ جنوری کو شام ساڑھے پانچ بجے عید ڈنر ہوگا۔
Tel. 769-7800

اسلامک فاؤنڈیشن میں نماز عید صبح ساڑھے آٹھ بجے ہوگی۔
عید ڈنر کا اہتمام بھی کیا گیا ہے۔ مزید تفصیل کے لیے فون پر ربط قائم کریں۔
Tel. 465-2525

وزیر اعلیٰ نے پورے صوبے میں تمام گرفتار شدہ طلبہ کو فوری طور پر رہا کرنے کا حکم دے دیا

گزشتہ روز کسی جگہ دفعہ ۱۴۴ کی خلاف ورزی نہیں کی گئی، مجھے خوشی ہے کہ طلبہ پُرسکون رہے: وزیر اعلیٰ کا اظہار اطمینان

کئی ہزار محبان وطن کو عام معافی کے تحت بنگلہ دیش کی جیلوں سے رہا کردیا گیا

مجیب نے تمام سیاسی مقدمات واپس لینے کا حکم دے دیا

مغربی ممالک کے مالی اداروں کی طرف سے مجیب کے اقدام پر اظہار تحسین

ٹی پی ایس ایف کا حکومت سے مطالبہ

آج سے انڈونیشیا میں پاکستان کے سفیر ہوں گے

بائیڈروجن بم تیار کرنے کے لئے بھاری پانی تیار کرنے کا کارخانہ

بھارت نے ۱۲ کروڑ روپے کی لاگت سے تیار کیا

اسلامی سربراہ کانفرنس جمال الدین افغانی کے خواب کی تعبیر ہوگی

خلیج کی ریاستیں اور پاکستان مشترکہ طور پر پیٹرو کیمیکل اور تیل کی صنعتوں میں اشتراک عمل کریں گے

پاکستان خلیج کے علاقہ کو بہت اہمیت دیتا ہے اور اس کی خوشحالی کے لئے کوشاں رہے گا

پاکستان میں تیل صاف کرنے کا کارخانہ قائم کرنے کیلئے خلیج کی ریاستوں سے معاہدہ ہوگیا



انڈونیشیا سے مراکش تک
تمام مسلم ممالک
اسلامی کانفرنس میں
شریک ہوں گے
وزیر اعظم بھٹو

روسی طیارہ گر کر تباہ ہوگیا - ۱۲ افراد ہلاک

بنگلہ دیش میں طوفان سے سینکڑوں افراد ہلاک

پاکستان کو اپنے دفاع کے لیے اسلحہ کی خریداری کا حق پہنچتا ہے

فرانس ایشیائی سلامتی کے روسی معاہدہ کو پسند نہیں کرتا

برصغیر کے بارے میں پاکستان کی پالیسی بالکل درست ہے ؛ جین ڈی لپکوسکی

غریب عوام کو سستی تفریح مہیا کرنے کیلئے عوامی سینما گھر تعمیر کیے جائیں گے

سینماؤں کی تعمیر کا کام اسی سال شروع کردیا جائے گا۔

پاکستانی عوام کے نام، ایک پیغام


ہمارے ... کے استحکام اور خوشحالی کے لیے آگر ...

اور اس بات کا فیصلہ کیجیے آپ ...

اپنی قومی ایئرلائن **پی آئی اے** کے ذریعہ ...

Have your family visit you. $689.

Or visit your family. $499.



Pakistan International Airlines announces a new low-cost round trip fare that will make it easier for your family to visit America.

$689 brings them here.

For only $689 per person (U.S. currency) PIA flies your family round trip economy class from all major cities in Pakistan to New York on a 15 to 120 day excursion. They may enjoy one stopover in Pakistan in each direction.

Go see them for $499.

Or if you wish, PIA will fly you to Karachi on a 15 to 120 day excursion for only $499.

Feel at home.

All PIA jet flights let you feel especially at home. Your stewardesses and hostesses are clad in an elegant PIA rendition of the customary attire. Each flight also includes a special dinner and breakfast.

And next year PIA will add DC-10 Super Jets for your extra comfort.

Take advantage of these long-awaited low-cost excursion fares to see your family and friends again. After all, they miss you as much as you miss them.

For more information, see your travel agent or call your local PIA office or mail this coupon today.

PIA

Altaf Ahmed — CRES. SP.
Pakistan International Airlines
545 Fifth Avenue, New York, N.Y. 10017

Please send me more information on the PIA low-cost round trip excursion fares between New York and Pakistan.

Name__________
Street__________
City______ State______ Zip______

PAKISTAN INTERNATIONAL AIRLINES
Pakistan International Airlines, 545 Fifth Avenue, New York, New York 10017

Mr. A. ...
Pakistan Internat...
Royal Tr st Tower ... Centre, ...
(416) 364-1575

Mr. J. V...
Pakistan Int...
1 Place Ville Marie, Montreal, ...
(514) 861-2495

ہفت روزہ
صدائے پاکستان

"صحافت ایک بہت بڑی قوت ہے، جو فائدہ بھی پہنچا سکتی ہے اور نقصان بھی،
اگر ٹھیک سمت پر ہو تو رائے عامہ کی رہنمائی بھی کر سکتی ہے"

[illegible]

اتحادِ عالمِ اسلام پاکستان کیلئے سبق!

وزیر اعظم مسٹر ذوالفقار علی بھٹو نے گزشتہ روز ابو ظہبی میں مقیم پاکستانی باشندوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ مشرق بعید سے لیکر مشرق وسطیٰ تک تمام مسلم ممالک کے سربراہوں نے اسلامی کانفرنس کے انعقاد کے لیے پاکستان کی کوششوں کو سراہا ہے اور ہمارے لئے یہ امر خاص طور پر باعث مسرت ہے کہ عالم اسلام کے مسائل کو حل کرنے کی غرض سے پاکستان نے مسلم ممالک کو مشترکہ کوششوں پر آمادہ کرنے کے لئے جو کام کیا ہے۔ اس کی وجہ سے انڈونیشیا سے لیکر مراکش تک تمام مسلمان متحد ہو گئے ہیں۔

وزیر اعظم بھٹو کا یہ اعلان اسلامی جمہوریہ پاکستان کے شہریوں کے لئے باعث افتخار و مباہات ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ پاکستان نے مسلم ممالک کو مشترکہ کاوشوں پر آمادہ کرنے کی غرض سے جس اسلامی کانفرنس کے انعقاد کا بیڑہ اٹھایا تھا۔ اس کے امکانات بعض بدباطن عناصر کی مذموم کوششوں کے باوجود روشن ہو گئے ہیں۔ اور ان اسلام دشمن قوتوں کا سر کالا ہوا ہے۔ جو یہ تاثر دینے کی کوشش کر رہے تھے کہ مجوزہ اسلامی کانفرنس "فلاپ" ہو جائے گی۔

پاکستان کے ارباب اقتدار و اختیار کو اس کانفرنس کے انعقاد ۔۔ یا مسلم ممالک کو عالم اسلام کے مسائل حل کرنے کے لیے مشترکہ کوششوں پر آمادہ کرنے ۔۔ کے ضمن میں مختلف مسلم ممالک کا دورہ کرنے ان کے زعماء سے بات چیت کرنے اور انہیں انتہائی قریب سے دیکھنے کے مواقع میسر آئے ہیں۔ انہوں نے یہ محسوس کر لیا ہو گا کہ یہ اسلام اور صرف اسلام ہی کا رشتہ ہے جو دنیا کے ستر اسی کروڑ مسلمانوں کے مابین اتحاد و یکجہتی کی بنیاد بن سکتا ہے۔ اور سوشلزم، کمیونزم، رنگ، نسل، تجارت، کاروبار یا مشترکہ مفادات کی بنیاد پر اتحاد کے دوسرے تمام نعرے عبث و بیکار ہیں۔ اور عالم اسلام کی اس بنائے اتحاد کو اگر ترک یا پس منظر انداز کر دیا جائے تو دنیائے اسلام منتشر و پراگندہ ہو کر رہ جاتی ہے۔ قائد اعظم نے ہمیں یہی نکتہ سمجھایا تھا۔

مشاہیر مشرق نے اسی نظریہ کو [illegible] کی تلقین کی تھی اور یہی وہ نظریہ تھا جس کی بنا پر پاکستان معرض وجود میں آیا تھا

اسلامی کانفرنس کے انعقاد کے ضمن میں ارباب اقتدار و اختیار کے اس احساس و تجربہ میں پاکستان کے لیے یہ سبق مضمر ہے کہ مختلف قومیتوں کے اس وطن کے بنیادی نظریہ ۔ اسلام ۔ کو نظر انداز یا فراموش کر دیا گیا تو جس طرح عالم اسلام بنیادی رشتہ اتحاد ۔ اسلام ۔ کے بغیر منتشر و پراگندہ رہتا ہے۔ اسی طرح پاکستان بھی اپنے اساسی نظریہ کے بغیر انتشار و بدنظمی کا شکار رہے گا بلکہ اس کے سر پر تباہی کے منحوس سائے لرزاں رہیں گے۔ بدقسمتی سے پاکستان میں بعض بدبخت عناصر ایسے ہیں جو دانستہ یا نادانستہ طور پر یا بعض بیرونی قوتوں کے آلۂ کار بن کر یا اپنے ذاتی مفادات کی تکمیل کی خاطر پاکستان کے اس بنیادی نظریہ کو نقصان پہنچانے کی ناپاک کوششوں میں مصروف ہیں۔ یہ وہی عناصر ہیں جنہیں بانیٔ پاکستان نے کمیونسٹ بھارتی ایجنٹ اور ففتھ کالمسٹ کا نام دیتے ہوئے ہمیں ان سے ہشیار و چوکس رہنے کا مشورہ دیا تھا۔ لیکن ہماری یہ انتہائی بدنصیبی تھی کہ ہم نے انہیں کھل کھیلنے کا موقع دیا اور زندگی کے کم و بیش تمام شعبوں میں کمیں گاہیں بنانے کے مواقع مہیا کیے۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ آج یہ حکومتی پارٹی سے لیکر سرکاری ذرائع ابلاغ تک ہر جگہ بیٹھے طرح طرح کے نعرے لگانے اور انتشار و گمراہی پھیلانے میں مصروف نظر آتے ہیں۔ کبھی وہ کسی [illegible] کا ذکر کرتے ہیں۔ کبھی سوشلزم ایسے لادینی نظاموں کے گن گاتے ہیں۔ کبھی اشتراکیت و اشتمالیت کی مختلف اصطلاحوں کے سہارے معاشرے میں انتشار پھیلایا کرتے ہیں۔ کبھی اسلام کو ماڈرن بنانے کی کوششیں فرماتے ہیں۔ الغرض وہ پاکستان کی بنائے اتحاد کو کمزور و مضمحل کرنے کا کوئی موقع ہاتھ سے نہیں جانے دیتے۔ پاکستان کو اصل خطرہ انہی عناصر سے ہے۔ انہی عناصر کی ناپاک سرگرمیوں کی وجہ سے ہم کو سپر طاقت روس کی زیر سرپرستی بھارتی حکمرانوں کی تخریب

وسائل و [illegible] کا شکار ہو کر مشرقی پاکستان سے ہاتھ دھونا پڑا [illegible] پاکستان کے ارباب اقتدار و اختیار [illegible] عالم اسلام کے [illegible] حکومتی پارٹی اور سرکاری شعبوں خصوصاً ریڈیو، ٹیلی ویژن، تعلیم، ثقافت وغیرہ کے شعبوں میں جو عناصر گھس کر پاکستان کی جڑیں کھوکھلی کر رہے ہیں۔ ان کا محاسبہ کرنا چاہیے!

• خونِ مسلم کی ارزانی

اتر پردیش کے دو شہر الہ آباد اور میرٹھ مسلمانوں کے خون سے رنگین ہو رہے ہیں۔ ابھی تک نہ تو الہ آباد کے حالات انتظامیہ کے قابو میں آئے ہیں نہ میرٹھ کے۔ میرٹھ کے خونریز اور خونخوار ہندوؤں کے ظلم و ستم کا اندازہ اس امر سے لگائیے کہ اب شہر کو فوج کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ لیکن جس ملک میں سول اکثریت مسلمانوں کے خون کی پیاسی ہو۔ وہاں فوج بھی کیا کر سکتی ہے کہ آخر فوج بھی اسی سول آبادی سے بھرتی ہے۔ جو مسلمانوں کو بھارت میں ایک نظر دیکھنے کے روادار نہیں۔ پاکستان نے بارہا بھارت کے سیکولرازم پر اعتبار کر کے وہاں کے مسلمانوں کی خیر خواہی کے لیے بھارت سے سلسلہ جنبانی کی۔ پاکستان کے پہلے وزیر اعظم نے لیاقت نہرو پیکٹ پر اس لیے دستخط کیے تھے کہ اگر مشرقی پاکستان میں ہندو محفوظ رہیں گے تو جواباً بھارت بھی اپنے ہاں مسلمانوں کو محفوظ رکھے گا۔ لیکن یہ صرف خوش فہمی ثابت ہوئی بلکہ اس کا نقصان پاکستان نے اٹھایا کہ مشرقی پاکستان میں بھی ہندو من مانی کرتا رہا۔ اور بھارت میں بھی مسلمان خون میں نہاتے رہے اس کے بعد بھی پاکستان کی طرف سے ایسی کوششیں جاری رہیں پاکستان کے ایک اور وزیر اعظم محمد علی بوگرا نے بھی ایک ایسا ہی معاہدہ کیا جس کی رو سے بھارتی حکومت نے وہاں کے مسلمانوں کے تحفظ کا یقین دلایا لیکن ہوا یہ کہ بھارت کا کوئی قابل ذکر شہر یا قصبہ ایسا نہ ملا جس میں سنگدل اور فتنے مسلح قاتلوں نے مسلمانوں کے معصوم بچوں تک کو آگ میں زندہ نہ جلایا ہو اور ابھی ان کی پیاس بجھی نہیں ہے۔ جب کبھی اور جہاں کہیں ان کا بس چلتا ہے۔ وہ مسلمانوں کی بستیوں پر ٹوٹ پڑتے ہیں اور وحشی درندوں سے بھی زیادہ ظلم و ستم روا رکھتے ہیں۔ لیکن اس کے باوجود بھارت کے سیکولرازم کے ماتھے پر ندامت کا پسینہ تو کیا کبھی شکن تک نہیں پڑتی۔ آخر اس ملک میں مسلمانوں کا خون اس بیدردی سے کب تک بہایا جاتا رہے گا اور عالمی ضمیر کب بیدار ہو گا کہ بھارت سے مسلمانوں کے اس قتل عام پر باز پرس کرے اور اسے باز رہنے کی تاکید کرے!

نہ ہو نومید، نومیدی زوال علم و عرفاں ہے
امید مرد مومن ہے خدا کے رازدانوں میں
نہیں تیرا نشیمن قصر سلطانی کے گنبد پر
تو شاہیں ہے بسیرا کر پہاڑوں کی چٹانوں میں
(بال جبریل)



مساجد

مسجدیں وہ مقامات ہیں جہاں اللہ تعالیٰ کا نور ظہور ہوتا ہے۔ ان کی فضاؤں میں ایسا کیف و سرور پایا جاتا ہے جو کہیں اور نہیں ملتا۔ مگر یہ عجیب بات ہے کہ ہم میں سے جو قلیل تعداد مساجد میں جاتی بھی ہے وہ بھی اس کیف و سرور سے نا آشنا رہتی ہے۔ شاید اس لیے کہ انہیں مسجدوں کے اندر گپ شپ اور عیب جوئی و عیب گوئی کے علاوہ اور کچھ سوجھتا ہی نہیں۔ وہ آپس ہی میں باتیں کر کے آ جاتے ہیں۔ گھر والے کی طرف نہ متوجہ ہونے کی ضرورت سمجھتے ہیں اور نہ اس سے بات کرنے کی۔

ممتاز مسعود نے ایک انگریز ادیب کے بارے میں لکھا ہے کہ ناسٹر کو مسلمانوں کی جو چیز سب سے زیادہ پسند آئی وہ ان کی مسجدیں تھیں۔ اسے مسجد میں اسلام کی سادگی اور سلامتی کا پیغام بھی ملا اور خود فراموشی اور خدا شناسی کا مقام بھی۔ شاید خدا نے اس کے دل میں گھر کر لیا وہ کشاں کشاں وہاں پہنچ جاتا اور داخل ہوتے ہی اس پر ایک کیف طاری ہو جاتا۔ اس وارفتگی کا سب سے زیادہ لطف اس نے مسجد عمرؓ میں اٹھایا۔ جس کے بارے میں اس نے سن رکھا تھا کہ یہاں چند صحابۂ کرام آکر ٹھہرے تھے۔ اس کا کہنا ہے کہ ان پاک ہستیوں کے قیام کی وجہ سے اس مسجد کی فضا میں ایک خوشبو بس گئی ہے جو آج تک برقرار ہے ایک بار [illegible] سڑک کے کنارے ایک خیرآباد [illegible] سلام [illegible]

ناسٹر اپنی ایک کتاب میں لکھتا ہے [illegible] میں [illegible] ہوتی ہے اور [illegible] جاتے ہوتے بھی بیگانگی کا احساس ہوتا ہے اور مسجد میں سارے ناواقف ہوں تو پھر بھی اپنے معلوم ہوتے ہیں۔ مسقف میں داخل ہوں تو ایسے معلوم ہوتا ہے کہ جیسے کسی نے اپنی پناہ میں لے لیا۔ محراب کے سامنے کھڑے ہوں تو حضوری کا لطف آنے لگتا ہے۔



ہندوستان میں ہمارے مسلمان بھائیوں پر ظلم توڑے جا رہے ہیں اور ہمیں لیے جا رہے ہیں۔ محض اس وجہ سے کہ وہ مسلمان ہیں اور انہوں نے پاکستان کے قیام میں مدد دی تھی اور اس سے ہمدردی ظاہر کی تھی چاروں طرف سے تاریک بادلوں نے ہمیں گھیر رکھا ہے مگر ہم ان کے خوف سے رک نہیں سکتے۔ مجھے یقین ہے اگر ہم نے قربانی کا وہی جذبہ پیش کیا جیسا حضرت ابراہیم نے کیا تھا تو مصیبتوں کے بادل چھٹ جائیں گے (۲۴ اکتوبر ۱۹۴۷ء)

الٰہ آباد اور میرٹھ

[illegible]
بھارت کی دوزخی پہ ہے الاماں شور الاماں
اندرا کا شہر خون مسلماں سے لال رنگ
اندرا کا سیکولرازم ہے میرٹھ خونفشاں

وقار انبالوی

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

پندرہ روزہ

صدائے پاکستان

ٹورونٹو کینیڈا

الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیھم ولا ھم یحزنون

عید الضحیٰ نمبر

افغانستان مفاہمت پر آمادہ ہوگیا ◎ وزیراعظم بھٹو کو مذاکرات کی پیشکش

بات چیت کسی بھی وقت شروع کی جاسکتی ہے: کابل ریڈیو کی طرف سے وزیراعظم بھٹو کے حالیہ اعلان کا خیر مقدم

اسلامی ملکوں کے سربراہوں کی کانفرنس آئندہ ماہ کے وسط میں ہوگی: دفتر خارجہ

کانفرنس کے لیے انتظامات زور شور سے جاری ہیں


اسلامی سیکرٹیریٹ کے نمائندے نے لاہور میں انتظامات کا جائزہ لیا

پاکستان میں ترک عوام کے لیے بے پناہ محبت موجود ہے

میں پاکستان کی ترقی سے متاثر ہوا ہوں: ترک وزیر

پاکستان کو ڈاکٹروں کے بیرون ملک جانے پر پابندی برقرار رہے گی: شیخ رشید





۹۰ ہزار جنگی قیدیوں، بہاریوں اور بنگلہ دیشیوں کا تبادلہ عمل میں آچکا ہے

بھارت نے مزید تین پاکستانی جنگی قیدیوں کو روکنے کا اعلان کردیا

۱۹۵ جنگی قیدیوں کو سہ فریقی اجلاس میں تصفیہ ہونے سے پہلے واپس نہیں بھیجا جائیگا: سورن سنگھ

کینیڈا پاکستان کو ۲۴ کروڑ ستر لاکھ ڈالر کا قرض دے گا

دنیا میں مشکلات کا باعث بڑی قوتیں ہیں

چین توسیع پسندی کی مخالفت کرتا رہے گا

عوامی ناچ بھنگڑہ اور خٹک ڈانس ہمارے کلچر کا حصہ ہیں

پروازوں میں باقاعدگی اور مسافروں کو ہر ممکن سہولتیں پہنچائی جائیں: نور خان